اور جہاں والوں کی خاطر انصاف کی گواہی دینے کیلیئے ڈٹ جایا کرو (القرآن)

ABC CERTIFIED

★ دارالحکومت اسلام آباد، لاہور، وہاڑی، ملتان، بہاولپور، رحیم یار خان و دیگر شہروں میں کثیر تعداد میں پڑھا جانے والا اخبار ★

DAILY AWAMI PUKAR

Reg 0069125

چیف ایڈیٹر: محمد ثاقب

# روزنامہ عوامی پکار

سب ایڈیٹر: ملک شوکت محمود

ملتان

بہاولپور

لیگل ایڈوائزر: راؤ شہزاد ایڈووکیٹ

مینیجنگ ڈائریکٹر: ملک آصف منظور اعوان

جلد نمبر 37 | ہفتہ 04 شعبان المعظم 1447ھ 24 جنوری 2026ء 11 ماگھ...... صفحات 4 قیمت 15 روپے | شمارہ نمبر 145


# وفاقی محتسب کے ادارے کے قیام کے 43 سال مکمل

## ریجنل آفس ساہیوال میں پروقار تقریب، ساڑھے 25 لاکھ سے زائد گھرانوں کو ریلیف فراہم کرنے کا اعلان

ساہیوال (جنرل رپورٹر) وفاقی محتسب کے ادارے کے قیام کے 43 سال مکمل ہو گئے۔ 43 ویں سالگرہ کے موقع پر ریجنل آفس ساہیوال میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا اور کیک کاٹا گیا۔ تقریب میں ایڈوائزر/ ریجنل ہڈ اظہار احمد، سینئر ایڈوائزر محمد ذوالفقار لون، ایڈمن آفیسر فرزین حیدر، امپلیمنٹیشن آفیسر مظہر مراد سمیت سٹاف کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ایڈوائزر/ ریجنل ہیڈ اظہار احمد نے کہا کہ وفاقی محتسب کا ادارہ 43 سال مکمل کر چکا ہے اور اپنے اس طویل سفر کے دوران اس نے ساڑھے 25 لاکھ سے زائد گھرانوں کو ریلیف فراہم کیا جن کا تعلق معاشرے کے پسماندہ طبقات سے ہے۔ انہوں نے بتایا کہ 2025 میں وفاقی محتسب نے 2 لاکھ 61 ہزار 101 شکایات کے فیصلے کیے۔ انہوں نے کہا کہ آج یہ ادارہ انتظامی احتساب کا سب سے بڑا ادارہ بن چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ انتظامی نا اہلی اور غفلت کے مسائل کو جامع طریقے




سے حل کرنے کے لیے اس ادارے کی صلاحیت پر عوام کو بھرپور اعتماد ہے۔ انہوں نے بتایا کہ وفاقی محتسب نے ملک بھر میں مختلف علاقائی دفاتر اور شکایت جمع کرانے کے مراکز کھول کر اپنی پہنچ اور رسائی میں نمایاں اضافہ کیا ہے اور اب اس کی موجودگی 28 شہروں میں ہے۔ اس کے مختلف اقدامات جیسے کھلی کچہریوں کا انعقاد، چھوٹی تحصیلوں اور قصبوں میں او سی آر پروگرام اور تنازعات کے غیر رسمی حل کا پروگرام آئی آر ڈی عام لوگوں کے لیے بہت مفید ثابت ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم عوام شکایات کے فوری ازالے کے لیے اپنی کوششوں میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کریں گے۔ یہ محتسب کے مقصد خاص طور پر اس کی بنیادی اقدار پر ثابت قدمی کے لیے اپنے غیر متزلزل عظم کی تجدید کا وقت ہے۔ تقریب سے دیگر مقررین نے بھی خطاب کیا اور وفاقی محتسب کی کارکردگی پر روشنی ڈالی۔ آخر میں ایڈوائزر/ ریجنل ہیڈ اظہار احمد نے سٹاف کے ہمراہ کیک کاٹا اور دعا کی گئی۔

القرآن
ہمارے لیے اللہ ہی کافی ہے اور وہی سب سے بڑا مددگار ہے۔

لاہور راولپنڈی/اسلام آباد کراچی پشاور اور ملتان سے شائع ہونے والا موثر ترین قومی اخبار 03026765467

ABC Certified

چیف ایڈیٹر: محمد اسامہ ساجد

روزنامہ نیا پاکستان لاہور

THE DAILY NAYA PAKISTAN LAHORE

ایڈیٹر: محمد عیسیٰ عابد

| جلد نمبر 36 | ہفتہ 24 جنوری 2026ء 04 شعبان المعظم 1447ھ | شمارہ نمبر 314 |
|---|---|---|

# وفاقی محتسب کے ادارے کے قیام کے 43 سال مکمل ہو گئے

## 43 ویں سالگرہ کے موقع پر ریجنل آفس ساہیوال میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا اور کیک کاٹا گیا




ساہیوال (نمائندہ خصوصی) وفاقی محتسب کے ادارے کے قیام کے 43 سال مکمل ہو گئے۔ 43ویں سالگرہ کے موقع پر ریجنل آفس ساہیوال میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا اور کیک کاٹا گیا۔ تقریب میں ایڈوائزر/ ریجنل ہیڈ اظہار احمد، سینیئر ایڈوائزر محمد ذوالفقار لون، ایڈمن آفیسر فرزین حیدر، امپلیمنٹیشن آفیسر مظہر مراد سمیت سٹاف کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ایڈوائزر/ ریجنل ہیڈ اظہار احمد نے کہا کہ وفاقی محتسب کا ادارہ 43 سال مکمل کر چکا ہے اور اپنے اس طویل سفر کے دوران اس نے ساڑھے 25 لاکھ سے زائد گھرانوں کو ریلیف فراہم کیا جن کا تعلق معاشرے کے پسماندہ طبقات سے ہے۔ انہوں نے بتایا کہ 2025 میں وفاقی محتسب نے 2 لاکھ 61 ہزار 101 شکایات کے فیصلے کیے۔ انہوں نے کہا کہ آج یہ ادارہ انتظامی احتساب کا سب سے بڑا ادارہ بن چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ انتظامی نا اہلی اور غفلت کے مسائل کو جامع طریقے سے حل کرنے کے لیے اس ادارے کی صلاحیت پر عوام کو بھرپور اعتماد ہے۔ انہوں نے بتایا کہ وفاقی محتسب نے ملک بھر میں مختلف علاقائی دفاتر اور شکایت جمع کرانے کے مراکز کھول کر اپنی پہنچ اور رسائی میں نمایاں اضافہ کیا ہے اور اب اس کی موجودگی 28 شہروں میں ہے۔ اس کے مختلف اقدامات جیسے کھلی کچہریوں کا انعقاد، چھوٹی تحصیلوں اور قصبوں میں او سی آر پروگرام اور تنازعات کے غیر رسمی حل کا پروگرام آئی آر ڈی عام لوگوں کے لیے بہت مفید ثابت ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم عوام شکایات کے فوری ازالے کے لیے اپنی کوششوں میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کریں گے۔ یہ محتسب کے مقصد خاص طور پر اس کی بنیادی اقدار پر ثابت قدمی کے لیے اپنے غیر متزلزل عظم کی تجدید کا وقت ہے۔ تقریب سے دیگر مقررین نے بھی خطاب کیا اور وفاقی محتسب کی کارکردگی پر روشنی ڈالی۔ آخر میں ایڈوائزر/ ریجنل ہیڈ اظہار احمد نے سٹاف کے ہمراہ کیک کاٹا اور دعا کی گئی۔

ABC CERTIFIED
dailydomel@gmail.com
Www.dailydomel.com
Member AKNS
روزنامہ
دومیل
مظفرآباد آزادکشمیر
راجہ مظفر حسین
چیف ایڈیٹر راجہ امجد خان
چیف ایگزیکٹو نازبٹ ناجی
ایڈیٹر شوکت اقبال
جلد 17 | ہفتہ 24 جنوری 2026ء، 04 شعبان المعظم 1447ھ | صفحے 04 | قیمت 20 روپے | شمارہ 216

# وفاقی محتسب ادارے کے قیام کے 43 سال، دارالحکومت میں تقریب کا انعقاد

## 43 سال قبل 1983ء کو اسی روز جب وفاقی محتسب کا قیام عمل میں آیا تو سب سے پہلے اسلام آباد میں اس کا صدر دفتر قائم کیا گیا

## یہ ادارہ آج جس بلندی پر فائز وہ ہیڈ آفس اور علاقائی دفاتر میں ان کے ساتھیوں کی انتھک محنت کے بغیر ممکن نہ تھا، وفاقی محتسب

مظفرآباد (پی آئی ڈی) وفاقی محتسب کے ادارے کے قیام کے 43 سال آج 24 جنوری 2026ء کو مکمل ہو گئے ہیں۔ وفاقی محتسب کے 43 سال مکمل ہونے پر ریجنل آفس مظفرآباد میں تقریب کا انعقاد، وفاقی محتسب آزادکشمیر کے ریجنل ہیڈ منصور قادر ڈار نے تقریب میں وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کا پیغام سنایا۔ 43 سال قبل 1983ء کو اسی روز جب وفاقی محتسب کا قیام عمل میں آیا تو سب سے پہلے اسلام آباد میں اس کا صدر دفتر قائم کیا گیا۔ بعد ازاں چاروں صوبوں (بقیہ 59 صفحہ 3 پر)



مظفرآباد: ریجنل ہیڈ وفاقی محتسب آزاد کشمیر منصور قادر ڈار وفاقی محتسب کے 43 سال مکمل ہونے پر وفاقی محتسب کا پیغام سنا رہے ہیں۔ مرزا جاوید ایوب اور سٹاف بھی موجود ہے

بقیہ 59

ں، وفاقی دارالحکومتوں میں اس کے علاقائی دفاتر قائم کیے گئے جب کہ آج ہیڈ آفس اسلام آباد سمیت ملک بھر میں وفاقی محتسب کے 28 علاقائی دفاتر اور شکایات سنٹرز کام کر رہے ہیں۔ 43 سال مکمل ہونے پر وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ وفاقی محتسب کے افسران اور عملے کے ارکان کی مسلسل کاوشوں، محنت اور لگن کی وجہ سے وفاقی محتسب کا ادارہ ملک میں گڈ گورننس کی ایک مثال اور نمونہ بن کر سامنے آیا، جسے عوام الناس کا بھرپور اعتماد حاصل ہے۔ اپنی مسلسل کوششوں کے ذریعے ادارے نے سرکاری دفاتر اور محکموں میں شفافیت، جوابدہی، گڈ گورننس اور قانون کی حکمرانی کے کلچر کو فروغ دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس پورے عرصے کے دوران ادارے نے اپنی رسائی اور پہنچ کو بڑھانے کے لئے مسلسل کوشش کی ہے تاکہ عام لوگوں کو ان کے گھروں کے قریب انصاف کی فراہمی کو آسان بنایا جا سکے۔ وفاقی محتسب نے کہا کہ 43 سال کے اس سفر کے دوران ادارہ ساڑھے 25 لاکھ سے زائد خاندانوں کو ریلیف فراہم کر چکا ہے جن کی اکثریت کا تعلق معاشرے کے پسے ہوئے طبقے اور ملک کے دور دراز علاقوں سے ہے۔ سال 2025ء میں وفاقی محتسب نے دو لاکھ 61 ہزار 101 شکایات کے فیصلے کئے۔ شکایات میں یہ مسلسل اضافہ نئے علاقائی دفاتر کے قیام، کھلی کچہریوں کے انعقاد اور آئی آر ڈی جیسے اقدامات کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہر سال شکایات میں مسلسل اضافے سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ وفاقی محتسب کے ادارے پر عوام الناس کے اعتماد میں اضافہ ہو رہا ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ وفاقی محتسب کے ادارے کے قیام کے بنیادی مقاصد بدانتظامی کے خاتمے، گڈ گورننس کے قیام، قانون کی حکمرانی اور انسانی حقوق کے تحفظ کے لئے اپنی بھرپور کوششیں جاری رکھیں گے۔ وفاقی محتسب نے کہا کہ یہ ادارہ آج جس بلندی پر فائز ہے، وہ ہیڈ آفس اور علاقائی دفاتر میں ان کے ساتھیوں کی انتھک محنت کے بغیر ممکن نہ تھا۔ انہوں نے افسران اور عملے کے ارکان پر زور دیا کہ وہ عوامی شکایات کے فوری ازالے کے لئے اپنی کوششوں کو دوچند کریں۔ وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ یہ دفتر آنے والے دنوں میں مضبوط سے مضبوط تر ہوتا چلا جائے گا۔

dailysiasatmzd@gmail.com
Editordailysiasat@gmail.com
www.siasat.com.pk
Daily SIASAT Muzaffarabad Karachi
روزنامہ سیاست
مظفرآباد کراچی
ایڈیٹر سردار ذوالفقار علی
چیف ایڈیٹر شاہد احمد اختر
ریذیڈنٹ ایڈیٹر سعید ہاشمی
جلد 30 | 24 فروری 2026ء | 04 شعبان المعظم 1447ھ | 11 پھاگن 2082 | قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 89

# وفاقی محتسب کے قیام کو 43 سال مکمل، مظفرآباد میں تقریب کا انعقاد

**1983 میں وفاقی محتسب کا ادارہ قائم کیا گیا سب سے پہلے اسلام آباد میں بعدازاں صوبائی دارالحکومت میں علاقائی دفاتر قائم کیے گئے**

افسران اور عملے کی مسلسل کاوشوں، محنت اور لگن کی وجہ سے وفاقی محتسب کا ادارہ ملک میں گڈ گورننس کی ایک مثال اور نمونہ بن کر سامنے آیا

**مسلسل کوششوں کے ذریعے سرکاری دفاتر اور محکموں میں شفافیت، جوابدہی، گڈ گورننس اور قانون کی حکمرانی کے کلچر کو فروغ دیا ہے، اعجاز قریشی**

مظفرآباد (بیورو رپورٹ) وفاقی محتسب کے ادارے کے قیام کے 43 سال 24 فروری 2026 کو مکمل ہو گئے ہیں۔ وفاقی محتسب کے 43 سال مکمل ہونے پر ریجنل آفس مظفرآباد میں تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ ریجنل ہیڈ مسعود ... نے تقریب میں وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کا پیغام پڑھا۔ 43 سال قبل 1983 کو اسی روز سے وفاقی محتسب کا قیام عمل میں آیا۔ سب سے پہلے اسلام آباد میں ہیڈ آفس قائم کیا گیا۔ بعد ازاں چاروں صوبائی (بقیہ 60 صفحہ 3 پر)



[illegible]

## بقیہ 60 "سیاست"

دارالحکومتوں میں اس کے علاقائی دفاتر قائم کیے گئے جب کہ آج ہیڈ آفس اسلام آباد سمیت ملک بھر میں وفاقی محتسب کے 28 علاقائی دفاتر اور شکایات مراکز کام کر رہے ہیں۔ 43 سال مکمل ہونے پر وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ وفاقی محتسب کے افسران اور عملے کے ارکان کی مسلسل کاوشوں، محنت اور لگن کی وجہ سے وفاقی محتسب کا ادارہ ملک میں گڈ گورننس کی ایک مثال اور نمونہ بن کر سامنے آیا ہے جسے عوام الناس کا بھرپور اعتماد حاصل ہے۔ اپنی مسلسل کوششوں کے ذریعے ادارے نے سرکاری دفاتر اور محکموں میں شفافیت، جوابدہی، گڈ گورننس اور قانون کی حکمرانی کے کلچر کو فروغ دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس پورے عرصے کے دوران ادارے نے اپنی رسائی اور پہنچ کو بڑھانے کے لئے مسلسل کوشش کی ہے تاکہ عام لوگوں کو ان کے گھروں کے قریب انصاف کی فراہمی کو آسان بنایا جا سکے۔ وفاقی محتسب نے کہا کہ 43 سال کے اس سفر کے دوران ادارہ ساڑھے 25 لاکھ سے زائد خاندانوں کو ریلیف فراہم کر چکا ہے جن کی اکثریت کا تعلق معاشرے کے پسے ہوئے طبقے اور ملک کے دور دراز علاقوں سے ہے۔ سال 2025 میں وفاقی محتسب نے دو لاکھ 61 ہزار 101 شکایات کے فیصلے کیے۔ شکایات میں یہ مسلسل اضافہ نئے علاقائی دفاتر کے قیام، عوام الناس کے اعتماد اور آئی آر ڈی جیسے اقدامات کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہر سال شکایات میں مسلسل اضافے سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ وفاقی محتسب کے ادارے پر عوام الناس کے اعتماد میں اضافہ ہو رہا ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ وفاقی محتسب کے ادارے کے قیام کے بنیادی مقاصد بے انصافی کے خاتمے، گڈ گورننس کے قیام، قانون کی حکمرانی اور انسانی حقوق کے تحفظ کے لئے اپنی بھرپور کوششیں جاری رکھیں گے۔ وفاقی محتسب نے کہا کہ یہ ادارہ آج جس بلندی پر فائز ہے، وہ ہیڈ آفس اور علاقائی دفاتر میں ان کے ساتھیوں کی انتھک محنت کے طفیل ممکن ہوا۔ انہوں نے افسران اور عملے کے ارکان پر زور دیا کہ وہ عوامی شکایات کے فوری ازالے کے لئے اپنی کوششوں کو دوچند کر دیں۔ وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے اس امید کا اظہار کیا کہ یہ دفتر آنے والے دنوں میں مضبوط سے مضبوط تر ہوتا چلا جائے گا۔

E-mail: mahasibmuzaffarabad@gmail.com www.mahasib.com.pk

MEMBER APNS — مظفرآباد، میرپور، مانسہرہ، ایبٹ آباد اور گلگت بلتستان سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اخبار — ABC CERTIFIED

DAILY MAHASIB

روزنامہ محاسب

مظفرآباد آزاد کشمیر

میرپور

بیاد نسیم حجازی

چیف ایڈیٹر: زاہدہ پروین

قیمت 20 روپے

جلد نمبر 28 — ہفتہ 24 جنوری 2026ء، 04 شعبان 1447ھ، 12 ماگھ 2082 ب — شمارہ 236




مظفرآباد: ریجنل ہیڈ وفاقی محتسب آزاد کشمیر منصور قادر ڈار وفاقی محتسب کے 43 سال مکمل ہونے پر وفاقی محتسب کا پیغام سنا رہے ہیں۔ اس موقع پر ایڈوائزر برائے وفاقی محتسب سردار جاوید ایوب اور سٹاف بھی موجود ہے

## وفاقی محتسب کے قیام کے 43 سال مکمل

اسلام آباد (صفحہ تین بقیہ 26)



(محاسب نیوز) وفاقی محتسب کے ادارے کے قیام کو 43 سال مکمل ہو گئے ہیں۔ 43 سال قبل 1983 میں آج کے روز وفاقی محتسب کا قیام عمل میں آیا تھا۔ [illegible]

قسم ہے قلم کی اور جو کچھ لکھتے ہیں ، القرآن

ABC CERTIFIED

SATURDAY, JANUARY 24, 2026

مظفرآباد، اسلام آباد، پشاور، لاہور، ملتان، رحیم یار خان، کراچی، فرینکفرٹ، لندن، گلگت بلتستان سے بیک وقت شائع ہونے والا پہلا اردو اخبار

E-mail:ausaf@dsl.net.pk

http://www.dailyausaf.com

اعلیٰ صحافتی اوصاف کا علمبردار

روزنامہ اوصاف مظفرآباد

DAILY AUSAF MUZAFFARABAD

چیف ایڈیٹر: مہتاب خان

ایڈیٹر: محسن بلال خان

جلد: 28 ہفتہ 4 شعبان المعظم 1447ھ 24 جنوری 2026ء 12 ماگھ 2082 بکرمی صفحات 8 قیمت 30 روپے شمارہ: 38

Registered ID 174


# وفاقی محتسب کے ادارے کے قیام کے 43 سال مکمل

## ریجنل آفس مظفرآباد میں تقریب، منصور قادر نے وفاقی محتسب کا پیغام سنایا

مظفرآباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی محتسب کے ادارے کے قیام کے 43 سال آج 24 جنوری 2026ء کو مکمل ہو گئے ہیں۔ وفاقی محتسب کے 43 سال مکمل ہونے پر ریجنل آفس مظفرآباد میں تقریب کا انعقاد، وفاقی محتسب آزاد کشمیر کے ریجنل ہیڈ منصور قادر دار نے (باقی صفحہ 6 نمبر 60)



مظفرآباد، ریجنل ہیڈ وفاقی محتسب آزاد کشمیر منصور قادر دار وفاقی محتسب کے 43 سال مکمل ہونے پر وفاقی محتسب کا پیغام سنا رہے ہیں

اوصاف | وفاقی محتسب | 60

تقریب میں وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کا پیغام سنایا۔ 43 سال قبل 1983ء کو اسی روز جب وفاقی محتسب کا قیام عمل میں آیا تو سب سے پہلے اسلام آباد میں اس کا صدر دفتر قائم کیا گیا۔ بعد ازاں چاروں صوبائی دارالحکومتوں میں اس کے علاقائی دفاتر قائم کیے گئے جب کہ آج ہیڈ آفس اسلام آباد سمیت ملک بھر میں وفاقی محتسب کے 28 علاقائی دفاتر اور 10 شکایات سنٹرز کام کر رہے ہیں۔ 43 سال مکمل ہونے پر وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ وفاقی محتسب کے افسران اور عملے کے ارکان کی مسلسل کاوشوں، محنت اور لگن کی وجہ سے وفاقی محتسب کا ادارہ ملک میں گڈ گورننس کی ایک مثال اور نمونہ بن کر سامنے آیا ہے جسے عوام الناس کا بھرپور اعتماد حاصل ہے۔ اپنی مسلسل کوششوں کے ذریعے ادارے نے سرکاری دفاتر اور محکموں میں شفافیت، جوابدہی، گڈ گورننس اور قانون کی حکمرانی کے کلچر کو فروغ دیا ہے۔

# Federal ombudsman celebrates milestone of 43 years, serves millions across 28 cities

## *Ijaz Ahmad Qureshi highlights expansion, public trust, and renewed commitment to swift justice and administrative accountability*

QUETTA (ANN): Federal Ombudsman Ijaz Ahmad Qureshi has said that the institution of the Federal Ombudsman has completed 43 years of service, during which it has provided relief to more than 2.5 million families, most of them belonging to underprivileged segments of society.

In his message, the Federal Ombudsman stated that over the decades, the institution has emerged as the country's largest platform for administrative accountability, enjoying strong public confidence due to its effective handling of complaints related to maladministration, inefficiency, and negligence. He said the Federal Ombudsman has become a "court for the poor," delivering justice at the doorstep of a large segment of the population.

Ijaz Ahmad Qureshi noted that the institution has significantly expanded its outreach by establishing new regional offices and complaint reception centers across the country, bringing the total presence to 28 cities. He said this expansion has greatly improved public access to justice.

He highlighted key initiatives such as open courts, the Outreach Complaint Resolution (OCR) program—primarily conducted in smaller tehsils and towns—and the Informal Resolution of Disputes (IRD) mechanism, which have proven highly beneficial for the general public by ensuring speedy and accessible redress of grievances.

The Federal Ombudsman emphasized that the institution continues to operate in line with the highest standards of public service and perseverance. Marking the beginning of the new year, he said it was essential to continue working with the same spirit, dedication, and commitment that have defined the institution's identity.

He reaffirmed that no effort would be spared in ensuring prompt resolution of public complaints and described the occasion as a time to renew the unwavering commitment to the core values and mission of the Ombudsman's office.

Expressing confidence in the future, Ijaz Ahmad Qureshi said that by staying on this path of consistency and integrity, the institution would not only maintain public trust but also set even higher benchmarks for public service.

# Federal ombudsman celebrates milestone of 43 years, serves millions across 28 cities

## *Ijaz Ahmad Qureshi highlights expansion, public trust, and renewed commitment to swift justice and administrative accountability*

QUETTA (ANN): Federal Ombudsman Ijaz Ahmad Qureshi has said that the institution of the Federal Ombudsman has completed 43 years of service, during which it has provided relief to more than 2.5 million families, most of them belonging to underprivileged segments of society.

In his message, the Federal Ombudsman stated that over the decades, the institution has emerged as the country's largest platform for administrative accountability, enjoying strong public confidence due to its effective handling of complaints related to maladministration, inefficiency, and negligence. He said the Federal Ombudsman has become a "court for the poor," delivering justice at the doorstep of a large segment of the population.

Ijaz Ahmad Qureshi noted that the institution has significantly expanded its outreach by establishing new regional offices and complaint reception centers across the country, bringing the total presence to 28 cities. He said this expansion has greatly improved public access to justice.

He highlighted key initiatives such as open courts, the Outreach Complaint Resolution (OCR) program—primarily conducted in smaller tehsils and towns—and the Informal Resolution of Disputes (IRD) mechanism, which have proven highly beneficial for the general public by ensuring speedy and accessible redress of grievances.

The Federal Ombudsman emphasized that the institution continues to operate in line with the highest standards of public service and perseverance. Marking the beginning of the new year, he said it was essential to continue working with the same spirit, dedication, and commitment that have defined the institution's identity.

He reaffirmed that no effort would be spared in ensuring prompt resolution of public complaints and described the occasion as a time to renew the unwavering commitment to the core values and mission of the Ombudsman's office.

Expressing confidence in the future, Ijaz Ahmad Qureshi said that by staying on this path of consistency and integrity, the institution would not only maintain public trust but also set even higher benchmarks for public service.

Daily Kalachi Times Karachi

Editor in Chief: (U) Sardar Ali Akbar Mir Bahar





DILBER SHAHID

BEREAU CHEIF

LARKANO

# Larkana: Federal Ombudsman Marks 43 Years of Public Service and Good Governance

**LARKANO REOPORT DILBER SHAHID**



The Federal Ombudsman Institution has completed 43 years since its establishment on 24 January 2026. In his message on the occasion, the Federal Ombudsman, Mr. Ejaz Ahmed Qureshi, stated that the institution has emerged as a strong example of good governance, transparency, and public service in the country. He highlighted that during the last 43 years, relief has been provided to more than 2.5 million complainants, while 261,101 complaints were decided during the year 2025 alone. The growing number of complaints reflects increasing public trust due to the establishment of new regional offices, open courts, and other reform initiatives.

On this occasion, ceremonies were also arranged at the Federal Ombudsman Regional Offices Sukkur and Larkana to mark the 43rd anniversary of the institution and to reaffirm the commitment to efficient redressal of public grievances. The Federal Ombudsman reiterated his resolve to continue efforts for eliminating maladministration, strengthening the rule of law, and protecting citizens' rights.

Regd No. 1879
Daily AZADI Karachi
ABC Certified
روزاني
آزادي
چيف ايڊيٽر: عمار شاهاڻي

جلد 16 | ڇنڇر 24 جنوري 2026ع بمطابق 04 شعبان المعظم 1447هه | قيمت: 10 | شمارو 352

# وفاقي محتسب جي اداري کي قيام ۾ کي 43 سال مڪمل، تقريب منعقد

لاڙڪاڻو (غلام رسول سانداڻو) وفاقي محتسب جي اداري کي قيام ۾ آئي 43 سال مڪمل ٿيڻ تي 24 جنوري 2026ع ملهائيا ويا. هن موقعي تي وفاقي محتسب اعجاز احمد قريشي پنهنجي پيغام ۾ چيو ته وفاقي محتسب جو ادارو ملڪ ۾ گڊ گورننس، شفافيت ۽ عوامي خدمت جي هڪ مضبوط مثال بڻجي چڪو آهي. هن ٻڌايو ته 43 سالن جي عرصي دوران ساڍا 25 لک کان وڌيڪ شڪايت ڪندڙن کي انصاف فراهم ڪيو ويو، جڏهن ته سال 2025ع دوران 2 لک 61 هزار 101 شڪايتن جا فيصلا ڪيا ويا. شڪايتن ۾ واڌ عوام جي وڌندڙ اعتماد جو واضح ثبوت آهي، جيڪو نون علائقائي آفيسن، ڪليل ڪچهرين ۽ سڌارن سبب ممڪن ٿيو آهي. ان موقعي تي وفاقي محتسب جي علائقائي آفيسن سکر ۽ لاڙڪاڻو ۾ پڻ تقريبون منعقد ڪيون ويون، جن ۾ اداري جي خدمتن ۽ عوامي شڪايتن جي فوري ازالي جي عزم کي اجاگر ڪيو ويو. وفاقي محتسب ان عزم جو اظهار ڪيو ته بدانتظامي جي خاتمي، قانون جي حڪمراني ۽ شهري حقن جي تحفظ لاءِ ڪوششون جاري رکيون وينديون.




روزاني آزادي ڪراچي کي سنڌ جي ننڍن وڏن شهرن مان رپورٽر گهرجن.
رابطي لاءِ 03335094276 / 03003415924

DAILY DUNYA SARGODHA www.dunya.com.pk
ایڈیٹر انچیف
میاں عامر محمود
روزنامہ دنیا سرگودھا
شمارہ 163 | ہفتہ 4 شعبان المعظم 1447ھ، 24 جنوری 2026ء، 12 ماگھ 2082 ب | جلد نمبر 14
فون نمبر: 041-111-177-777 فیکس نمبر 0483-726600 | صفحات 8 قیمت 35 روپے

# وفاقی محتسب کے ادارے کے قیام کے 43 سال آج مکمل

## وفاقی محتسب کا ادارہ ملک میں گڈ گورننس کی مثال بن کر سامنے آیا

سرگودھا (سٹاف رپورٹر) وفاقی محتسب کے ادارے کے قیام کے 43 سال آج 24 جنوری 2026ء کو مکمل ہو گئے ہیں۔ 43 سال قبل 1983ء کو اسی روز جب وفاقی محتسب کا قیام عمل میں آیا تو سب سے پہلے اسلام آباد میں اس کا صدر دفتر قائم کیا گیا۔ بعدازاں چاروں صوبائی دارالحکومتوں میں اس کے علاقائی دفاتر قائم کیے گئے جب کہ آج ہیڈ آفس اسلام آباد سمیت ملک بھر میں وفاقی محتسب کے 28 علاقائی دفاتر اور شکایات سنٹرز کام کر رہے ہیں۔ 43 سال مکمل ہونے پر ریجنل انچارج وفاقی محتسب سیف الرحمان نے کہا ہے کہ وفاقی محتسب کے افسران اور عملے کے ارکان کی مسلسل کاوشوں، محنت اور لگن کی وجہ سے وفاقی محتسب کا ادارہ ملک میں گڈ گورننس کی ایک مثال اور نمونہ بن کر سامنے آیا، جسے عوام الناس کا بھرپور اعتماد حاصل ہے۔ اپنی مسلسل کوششوں کے ذریعے ادارے نے سرکاری دفاتر اور محکموں میں شفافیت، جوابدہی، گڈ گورننس اور قانون کی حکمرانی کے کلچر کو فروغ دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس پورے عرصے کے دوران، ادارے نے اپنی رسائی اور پہنچ کو بڑھانے کے لیے مسلسل کوشش کی ہے تا کہ عام لوگوں کو ان کے گھروں کے قریب انصاف کی فراہمی کو آسان بنایا جا سکے۔

www.subhenoe.com
پانچ زبانوں میں شائع ہونے والا منفرد اخبار
بانی: ریاض خواجہ
ABC Certified
Member AKNS
روزنامہ
# صبحِ نو
مظفرآباد
چیف ایڈیٹر: سرفراز خواجہ
جلد نمبر: 18 | ہفتہ 24 جنوری 2026ء 04 شعبان المعظم 1447ھ 11 ماگھ 2082ب | قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 294

# وفاقی محتسب سیکرٹریٹ نے 5 خواتین کو بی آئی ایس پی سے رقومات دلوا دیں

ایسی خواتین جن کے سروے دو سال پہلے ہوئے وہ فوراً بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے دفتر میں جا کر اپنا سروے کروائیں تاکہ سروے کی رپورٹ آ سکے اور اگلی قسط میں شامل کیا جائے

ریجنل آفس میں بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام سے متعلق 45 شکایات درج تھیں جن کو فوری سماعت کی گئی وفاقی محتسب کے آزاد کشمیر میں قیام سے لوگوں کے بہت سے مسائل حل ہوئے ہیں، سائلین کی گفتگو

وفاقی محتسب سیکرٹریٹ میں ہر شکایت کا فیصلہ 60 دن کے مختصر ترین عرصہ میں کر دیا جاتا ہے۔ وفاقی محتسب میں نہ تو فیس کی ضرورت ہوتی ہے

چونکہ سروے آن لائن سسٹم ہے اور اس میں کسی بھی اہلکار کا کوئی کردار نہیں ہوتا سروے کی رپورٹ میں اگر متعلقہ خاتون کا PMT سکور 32 سے زیادہ آ جائے تو اس کے پیسے بند ہو جاتے ہیں

مظفرآباد (پریس ریلیز) وفاقی محتسب سیکرٹریٹ ریجنل آفس مظفرآباد عوامی خدمت کا بہترین ادارہ، بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے خلاف کی جانے والی 45 شکایات کی سماعت ہوئی شکایات کی سماعت (بقیہ 16 صفحہ 3 پر)



وفاقی محتسب آزاد کشمیر کے ریجنل ہیڈ منصور قادر، بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے خلاف شکایات کی سماعت کر رہے ہیں، اس موقع پر BISP کے ڈائریکٹر جنرل عبدالحفیظ قریشی، ڈپٹی ڈائریکٹر سیدہ صوفیہ شاہ کیانی بھی موجود ہیں



[illegible]

# شجاع آباد: وفاقی محتسب کے 43ویں یوم تاسیس بارے تقریب

## سال 2025ء میں 13 ہزار 550 سائلوں کو بروقت مفت انصاف فراہم کیا: ڈاکٹر زاہد

شجاع (نامہ نگار خصوصی) وفاقی محتسب کے ادارے کے قیام کے 43 سال مکمل ہونے پر وفاقی محتسب ریجنل سیکرٹریٹ ملتان میں 43ویں یوم تاسیس کے موقع پر کیک کاٹنے کی تقریب ریجنل ہیڈ ڈاکٹر زاہد ملک کی زیر صدارت منعقد ہوئی۔ جس میں ایڈوائزر ریٹائرڈ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج رشید قمر، کنسلٹنٹ آئی آر ڈی و انچارج فیسیلیٹیشن ڈیسک شیخ نور محمد و دیگر افسران و سٹاف نے شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر زاہد ملک نے کہا کہ ریجنل آفس ملتان نے سال 2025ء میں 13 ہزار 550 سائلوں کو بروقت اور مفت انصاف فراہم کیا جبکہ 43 سال کے دوران ادارہ وفاقی محتسب ساڑھے 25 لاکھ سے زائد خاندانوں کو ریلیف فراہم کر چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ غریب سائلوں کی مدد کر کے دلی سکون ملتا ہے۔ ریجنل آفس ملتان کے دروازے سائلین کی دادرسی کیلئے 24 گھنٹے کھلے ہیں۔ ایڈوائزر رشید قمر اور کنسلٹنٹ آئی آر ڈی و انچارج فیسیلیٹیشن ڈیسک شیخ نور محمد نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وفاقی محتسب کا ادارہ انسانی حقوق کے تحفظ کیلئے دن رات کوشاں ہے۔